Maulana Azad National Urdu University

Ph.D. (Urdu) Course Work Examination - December - 2019

Paper - PHUR101CCT :

پرچہ: تحقیق کے طریقہ کار

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i. ''عمادالتحقیق'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) مولانا کلب عابد (b) مالک رام (c) گیان چند جین (d) خلیق انجم

ii. 'تحقیق کسی امر کو اس کی اصلی شکل میں دیکھنے کی کوشش ہے' یہ تعریف اردو کے کس محقق نے کی ہے؟

(a) مولوی عبدالحق (b) قاضی عبدالودود (c) رشید حسن خان (d) سید محمد ہاشم

iii. امتیاز علی عرشی کا تعلق درج ذیل میں سے کس ادارے سے رہا ہے؟

(a) رضا لائبریری رام پور (b) دارالترجمہ (c) سالار جنگ میوزیم (d) خدا بخش لائبریری پٹنہ

iv. رشید حسن خان کو ''خدائے تدوین'' کس نے کہا ہے۔

(a) ڈاکٹر زور (b) ڈاکٹر تنویر احمد علوی (c) محمود شیرانی (d) پروفیسر گیان چند جین

v. 'خالق باری' کو کس محقق نے مرتب کیا؟

(a) محمود شیرانی (b) امتیاز علی عرشی (c) حنیف نقوی (d) قاضی عبدالودود

vi. تدوین متن کی دو اصطلاحات کے نام لکھیے۔

vii. اصول تحقیق و ترتیب متن کے مصنف کون ہیں؟

viii. تحقیق و تنقید کے مابین دو مماثلتیں بتایئے۔

ix. تحقیق میں سب سے اہم منزل اور اولین مرحلہ کیا ہوتا ہے؟

x. ہندی میں تحقیق کو کیا کہتے ہیں؟

حصہ دوم

2۔ تحقیق کی تعریف کرتے ہوئے ادبی تحقیق کی اہمیت بیان کیجیے۔

3۔ مقالے کے موضوع کا انتخاب کرتے وقت کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

4۔ مواد کی فراہمی میں درپیش مسائل بیان کیجیے۔

5۔ مخطوطہ کی درجہ بندی کے اصول لکھیے ۔

6۔ تدوین متن کے مختلف طریقے بیان کیجیے۔

7۔ مولوی عبدالحق کی بحیثیت محقق خدمات کا جائزہ لیجیے۔

8۔ مقالے کے خاکہ کی اہمیت بتاتے ہوئے اسے تیار کرنے کا بنیادی طریقہ کار لکھیے ۔

9۔ اردو ادب میں قاضی عبدالودود کی تحقیقی خدمات بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ تحقیق کی تعریف بیان کرتے ہوئے ادب میں اس کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالیے۔

11۔ تحقیق وتدوین متن میں درپیش مسائل بیان کیجیے۔

12 ۔ اردو تحقیق کی تاریخ میں مسعود حسن رضوی ادیب کے مقام کا تعین کیجیے۔

13 ۔ تحقیق کے تقاضوں پر اظہار خیال کیجیے۔

14۔ تحقیق میں مقدمہ، حوالہ جات، حواشی اور فرہنگ کی اہمیت واضح کیجیے۔

☆☆☆